http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

روزنامہ تشکر کراچی

چیف ایڈیٹر سید عبدالمنصور

REG # 12(2411)/22

نیوز

جلد : 24 | 02 جمادی الثانی 1448ھ جمعہ 13 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 134



وزیراعظم شہباز شریف کی کوپ 31 کے موقع پر ترک، سوڈان، فن لینڈ اور عراق کے صدور سے ملاقاتیں

موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ممالک کو قرض نہیں امداد دی جائے، وزیراعظم

موسمیاتی خطرات سے دوچار ممالک کو بروقت امداد اور ایسی مالی معاونت کی ضرورت ہے جو ان کے قرضوں کے بوجھ میں مزید اضافہ نہ کرے، شہباز شریف

انطالیہ ، اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کو قرضوں کے بجائے گرانٹ کی صورت میں مالی معاونت فراہم کی جائے تاکہ وہ قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹ سکیں۔ وزیراعظم نے یہ بات ترکیہ کے شہر انطالیہ میں کوپ 31 کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاک ترکیہ تعلقات کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

پاکستانی جین کے خلائی اسٹیشن میں داخل، پہلے غیر ملکی خلاباز بنیں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پاکستانی خلاباز جین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والے پہلے غیر ملکی خلاباز بنیں گے۔ ترجمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



پاکستان سعودی عرب کے دفاع کے لئے تمام ضروری دفاعی اقدامات اٹھانے کے لئے تیار ہے، ترجمان پاک فوج

چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل ساحر شمشاد مرزا کا دورۂ سعودی عرب، دفاعی تعاون کے نئے دور کا آغاز

ڈی جی ISPR

چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل ساحر شمشاد مرزا کا دورۂ سعودی عرب، دفاعی تعاون کے نئے دور کا آغاز

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا ہے کہ جوائنٹ ڈیفنس اگریمنٹ کے تحت طے پانے والے اجتماعی دفاعی دھمکیوں پر عمل درآمد کے لائحہ عمل میں سعودی عرب کے امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عرب اخبار الشرق الاوسط کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں ترجمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)



کوہاٹ میں 10 شہدا کی نماز جنازہ ادا، گورنر خیبر پختونخوا سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت

ڈی آئی خان پولیس اسٹیشن پر حملہ تاریخ کا سب سے بڑا دہشت گرد حملہ ناکام

دہشت گردوں نے تھانے کے مرکزی گیٹ کے قریب کھڑی بارود سے بھری سوزوکی وین کو ریموٹ کنٹرول کے ذریعے دھماکے سے اڑا دیا، جس سے زوردار دھماکا ہوا، دھماکے کی شدت سے تھانے کا مرکزی گیٹ، قریبی مسجد، دیواریں اور عمارت کے مختلف حصے متاثر ہوئے، سیکیورٹی ذرائع

ڈی پی او اسماعیل خان (ٹینرنگ ڈیسک) ڈی آئی خان کی تاریخ کا سب سے بڑا دہشت گرد حملہ ناکام بنا دیا گیا جس میں بند کر دائی پولیس اسٹیشن پر 600 سے 800 کلوگرام بارود سے بھری گاڑی سے خودکش جھٹکا کیا پھر بھی دہشت گرد کامیاب نہ ہوسکے۔ تفصیل پیارے پر کے علاقے بھری کر دائی میں

پولیس اسٹیشن پر کئی دہشت گرد حملہ آور تھے، دہشت گردوں نے بارود سے بھری سوزوکی وین کے ذریعے دھماکے سے اڑا دیا، دھماکے کی شدت سے تھانے کا مرکزی گیٹ، قریبی مسجد، دیواریں اور عمارت کے مختلف حصے متاثر ہوئے، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گرد حملہ آور تھے، ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملے میں 6 0 0 سے 800 کلوگرام بارود استعمال ہونے کا تصدیق سامنے آنا باقی ہے۔ دہشت گردوں نے تھانے کے مرکزی گیٹ (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ 4)



پی ٹی آئی رہنماؤں کی اہم شخصیت سے ملاقات

عمران خان کی نجی اسپتال منتقلی کا امکان

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف پی ٹی آئی نے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا دیا

عمران خان کی بھتیجی نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو رہا کر دیا گیا

9 نومبر کو پیر سرکوہر، سینیٹر علی ظفر اور سلمان صفدر نے ایک اہم عدالتی شخصیت سے ملاقات کی تھی، اس نشست میں عمران خان کی صحت اور ان تک رسائی کے معاملے پر بات چیت ہوئی، اسی ملاقات کے بعد گزشتہ روز دو وکلا کو بانی پی ٹی آئی سے ملنے کی اجازت دینے کے احکامات جاری کیے گئے، نجی ٹی وی کی رپورٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پی ٹی آئی رہنماؤں کی اہم شخصیت سے ملاقات کے بعد عمران خان کو کسی اسپتال منتقل کیے جانے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی عمران خان کو کسی اسپتال منتقل کیا جاسکتا ہے، اس سلسلے میں معائنہ طبی اسپتال کی انتظامیہ کو بھی مطلع کر دیا گیا ہے، تاہم ابھی کتنے عرصے کے لیے اسپتال میں رکھا جائے گا، اس بارے میں فی الحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ ذرائع کے مطابق 9 نومبر کو پیر سرکوہر، سینیٹر علی ظفر اور سلمان صفدر نے ایک اہم عدالتی شخصیت سے ملاقات (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ 5)



انطالیہ: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے ترک صدر رجب طیب اردوگان گرمجوشی سے مصافحہ کر رہے ہیں



کوہاٹ: غیر قانونی بھنگ کلچاف پر پولیس میں شہید پولیس جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

جوشوں کے معجزاتی قریب 2 بیلسٹک میزائل حملے سعودی دفاعی نظام نے فضا میں تباہ کر دیئے

سعودی اتحادی افواج نے ریاض کی جانب آنے والے 3 کروز میزائل اور کم مرحلہ سمیت جنوبی علاقوں کی طرف بھیجے گئے ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

یمن میں لڑائی کے نتیجے میں 2,099 افراد جاں بحق اور 6,657 زخمی ہو چکے ہیں، کم اگست سے اب تک 320,000 سے زائد افراد بے گھر ہو چکے ہیں

ریاض، صنعا، لندن (ٹینرنگ ڈیسک) سعودی عرب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے دارالحکومت ریاض کی جانب آنے والے 2 بیلسٹک میزائل اور ایک کروز میزائل کو مار گرایا۔ سعودی وزارت دفاع کے ترجمان کے مطابق یہ کارروائی ہفتے کی رات کی گئی۔ ان میزائلوں کو ریاض کے مختلف علاقوں کی جانب داغا گیا تھا۔ ترجمان کے مطابق میزائلوں کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ اس کے نتیجے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ سعودی اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے ریاض پر میزائل حملے کیے ہیں۔ حوثی باغیوں کی جانب سے اس حوالے سے فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ سعودی عرب کی جانب سے اس سے قبل بھی حوثی باغیوں پر ریاض پر میزائل حملوں کے الزامات عائد کیے جاتے رہے ہیں۔ سعودی عرب یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف برسرپیکار ہے۔ سعودی عرب کی قیادت میں اتحادی افواج نے 2015ء میں یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف فضائی کارروائیاں شروع کی تھیں۔ اس کے بعد سے یمن میں خانہ جنگی جاری ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق یمن میں اب تک 2,099 افراد جاں بحق اور 6,657 زخمی ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق یمن کی 80 فیصد آبادی کو انسانی امداد کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق اگست سے اب تک یمن میں 320,000 سے زائد افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق یمن میں اب تک ہیضے کے 6 لاکھ 90 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق یمن میں ہیضے کے کیسز کی تعداد 2017ء کے بعد سب سے زیادہ ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق یمن میں ہیضے کے کیسز کی تعداد 2017ء کے بعد سب سے زیادہ ہے۔

نئے صوبے اسی صورت میں بنیں گے جب سب راضی ہوں گے ورنہ نہیں بنیں گے، محسن نقوی

لاہور (نیوز رپورٹ) وزیراعلیٰ محسن نقوی نے واضح کیا ہے کہ نئے صوبے اسی صورت میں بنیں گے جب سب راضی ہوں گے ورنہ نہیں بنیں گے، نئے صوبوں کے حوالے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



ایران جنگ ختم کرنے کی کوششیں، جے ڈی وینس ایرانی قیادت سے ملنے پر آمادہ

واشنگٹن (ٹینرنگ ڈیسک) ایران کے ساتھ جاری جنگ ختم کرنے کے لیے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس ایرانی قیادت سے براہ راست ملاقات کے امکان پر غور کر رہے ہیں۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وینس ایران کی قیادت پہلے قیادت کے ساتھ مذاکرات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)



امریکی حکام نے روسی صدر سے جنگ بندی مذاکرات میں ثالثی کی درخواست کی ہے، باقر قالیباف کا دعویٰ

تہران (ٹینرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے بعد آہنائے ہیرز سمورتال پہلے جیسی نہیں رہے گی۔ ایران اور عمان اس ادارے کو مل کر گرانی کے حوالے سے ایک تجویز پیش کرچکے ہیں۔ قطری ڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



خیبر پختونخوا پولیس آپریشن میں انتہائی مطلوب دہشت گرد کمانڈر سیف اللہ ہلاک

پشاور (نیوز رپورٹ) خیبر پختونخوا کے بازہ شیخان میں پولیس کارروائی کے دوران متعدد تکفیری مقدمات میں مطلوب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



گیس صارفین کیلئے قیمتوں میں اضافے کی تیاری

سوئی گیس کمپنیوں کا ادارے سے رجوع

سوئی ناردرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 10 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز دی ہے، جس کے بعد قیمت 1702 روپے سے بڑھا کر 1712 روپے

40 پیسے مقرر کرنے کی درخواست کی گئی ہے، سوئی سدرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 366 روپے 75 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز پیش کی ہے، ذرائع

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) ملک میں گیس کی قیمتوں میں مزید اضافے کا امکان پیدا ہوگیا، سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنیوں نے ریگولیٹری اتھارٹی سے گیس کی اوسط قیمتوں میں اضافے کی درخواستیں اور گرانٹیں طلب کرلی ہیں۔ دونوں کمپنیوں نے مجوزہ اضافے کا اطلاق یکم جولائی سے کرنے کی استدعا کی ہے۔ سوئی ناردرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 10 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز دی ہے، جس کے بعد قیمت 1702 روپے سے بڑھ کر 1712 روپے ہوجائے گی۔ دوسری جانب سوئی سدرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 366 روپے 75 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز پیش کی ہے۔ کمپنی نے موجودہ قیمت کے بجائے نئی اوسط قیمت 2071 روپے 75 پیسے مقرر کرنے کی درخواست کی ہے۔ سوئی ناردرن کی درخواست میں ایل این جی سرس کی مد میں 60 ارب 14 کروڑ 7 لاکھ روپے کے اخراجات بھی شامل کیے گئے ہیں، جبکہ ایل این جی کی لاگت 471 روپے 16 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو ظاہر کی گئی ہے۔ کمپنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

حکومت کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کا اعلان

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کردی اور ٹوئٹ میں بھی جاری کردیا۔ آئل ایڈمنسٹریشن ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ اوگرا نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے کی کمی کردی ہے اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن برہم، عطا تارڑ پر سزا کی تلوار لٹکنے لگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں گوجرانوالہ کے ضمنی انتخابات کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کی سماعت کے دوران چیف الیکشن کمشنر نے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے نیبل کا پیڈ پر خلط کے دورے اور عہدوں اجتماع سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

اقتدار کی تبدیلی کے دوران ایران پر حملے سے گریز کیا جائے، آئزن کوٹ کا تیقن یا ہو سے مطالبہ

تل ابیب (ٹینرنگ ڈیسک) اسرائیل کے سابق آرمی چیف اور حکومت سازی کے لیے نامزد رہنما گاوی آئزن کوٹ نے گمران وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کو خبردار کیا ہے کہ اقتدار کی منتقلی کے حساس مرحلے میں ایران کے خلاف کوئی خطرناک فوجی کارروائی نہ کی جائے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)





انڈر 19 ایشیا کپ، دفاعی چمپئن پاکستان فائنل میں پہنچ گیا

راولپنڈی ٹیسٹ: سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ ڈیبیو پر پاکستانی فاسٹ بولر نے دھوم مچادی

پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے ایشیا کپ کے پہلے سیمی فائنل میں بنگلادیش کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 9 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ عمان کے شہر العامرات میں کھیلے گئے میچ میں بنگلادیش انڈر 19 کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 31.4 اوورز میں 138 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ بنگلادیش کی جانب سے عبداللہ الہی 50 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، جبکہ رقیب الحسن نے 26 اور آل رفیع نے 20 رنز بنائے تھے۔ پاکستان کی جانب سے رضوان اللہ نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، جبکہ محمد صیام نے 2 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

پاکستان کی جانب سے دوسری اننگز میں رضوان اللہ نے شاندار بالنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 30 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ محمد صیام نے 2 جبکہ علی رضا، حسنین عباس ڈار اور احمد حسنین نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ پاکستان انڈر 19 نے 139 رنز کا ہدف صرف 21.5 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ حیان خان نے 72 گیندوں پر 69 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، جس میں 8 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ عثمان خان 54 گیندوں پر 64 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، جبکہ عبدالقادر نے 8 رنز کے ساتھ ناقابل شکست رہتے ہوئے ٹیم کو کامیابی دلائی۔ پاکستان نے یہ مقابلہ 9 وکٹوں سے جیتا اور ہدف 169 گیندیں باقی رہتے حاصل کرلیا۔ اس کامیابی کیساتھ ہی قومی انڈر 19 ٹیم نے ایشیا کپ کے فائنل میں اپنی جگہ حاصل کرلی۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان راولپنڈی ٹیسٹ کے چوتھے روز پاکستانی فاسٹ بولر ثاقب خان نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے سری لنکا کی پہلی اننگز 446 رنز پر سمیٹنے میں اہم کردار ادا کیا اور پاکستان کی جانب سے پہلے ہی ٹیسٹ میں 7 وکٹیں لینے کا ریکارڈ برابر کردیا جب کہ ثاقب خان ڈیبیو پر 5 یا اس سے زائد وکٹیں لینے والے پاکستان کے سولہویں بولر بن گئے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے پہلے ٹیسٹ کے چوتھے روز سری لنکا نے اپنی پہلی اننگز 4 وکٹوں کے نقصان پر 404 رنز سے دوبارہ شروع کی تو پاکستانی بولرز نے مہمان ٹیم کو مزید 42 رنز بنانے دیے اور اس کی آخری 6 وکٹیں حاصل کرلیں۔ ثاقب خان نے 130 رنز دے کر 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جب کہ محمد عباس نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ سری لنکا کی جانب سے دھنجیا ڈی سلوا 167 رنز بنا کر نمایاں رہے جب کہ کپتان کوشل مینڈس نے 119 رنز کی اننگز کھیلی۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان 249 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔

ثاقب خان نے چوتھے روز کھیل کے آغاز پر ہی دھنجیا ڈی سلوا کو آؤٹ کر کے اس شراکت کا خاتمہ کیا، جس کے بعد کوشل مینڈس بھی 119 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ فاسٹ بولر نے اپنے پہلے 8 اوورز میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ سونل دینوش 20 رنز بنا کر ثاقب خان کا شکار بنے جب کہ ملان رتھناکیے اور دیگر کھلاڑی بھی پاکستانی بولرز کے سامنے زیادہ دیر مزاحمت نہ کر سکے۔ ثاقب خان ٹیسٹ ڈیبیو پر ایک اننگز میں 7 وکٹیں لینے والے چوتھے پاکستانی بولر بن گئے۔ ان سے پہلے محمد نذیر، محمد زاہد اور ابرار احمد بھی یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں جب کہ ڈیبیو میچ میں 5 یا اس سے زائد وکٹیں لینے والے وہ 16 ویں پاکستانی بولر ہیں جب کہ وہ یہ کارنامہ انجام دینے پر خدا کے حضور سجدہ ریز بھی ہوئے۔

جرائم کے مقدمات کی تفتیش جدید طریقہ کار، شواہد اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، ایڈیشنل آئی جی کراچی



کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی نے کہا ہے کہ جرائم کے مقدمات کی تفتیش جدید طریقہ کار، شواہد اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، اسٹریٹ کرائم حساس (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 49)

ایم کیو ایم پاکستان کی مشکلات میں اضافہ



پارٹی سربراہ کا عہدہ خالی قرار

الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی نئی فہرست جاری کی ہے، جس میں کل 160 سیاسی جماعتیں شامل ہیں، اس فہرست میں ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا نام حذف کر کے انکی جگہ خالی دکھائی گئی ، الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی انتخابات کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کو 15 اکتوبر 2026 تک کی مہلت دی تھی ، ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان نے انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ کا عہدہ خالی قرار دے دیا ہے، جس پر پارٹی کی (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 16)

آئی جی سندھ کی زیر صدارت اجلاس، شکایات میں نمایاں اضافہ، 85 فیصد ازالہ



کراچی (رپورٹ عامر صابر) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اودھو کی زیر صدارت سندھ پولیس کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس سینئرل (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 18)

کراچی، فائرنگ کے مختلف واقعات میں دو افراد زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 16)

کراچی: تیز رفتار واٹر ٹینکر کی ٹکر سے راہ گیر بزرگ شہری جاں بحق ہو گیا

شپ اونر کالج کے قریب ٹریفک حادثے میں راہ گیر بزرگ شہری جاں بحق ہو گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ماڑہ ظاہر آباد شپ اونر کالج کے قریب تیز رفتار (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 16)

پاکستان معدنی دولت سے مالا مال عالمی سرمایہ کاروں کو تمام سہولتیں فراہم کریں گے، احسان ڈار



پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد معدنی شعبے کی ترقی کیلئے اہمیت کا حامل ہے، پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے

پنجاب 5 دریاؤں کی سرزمین ہے، پاکستان میں بے پناہ قدرتی وسائل اور غیر معمولی صلاحیت موجود ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ معدنی شعبے میں عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد قابل تحسین ہے، منرلز انویسٹمنٹ فورم کے انعقاد سے معدنی شعبے کو ترقی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی ترقی کے اہم مرحلے پر کھڑا ہے۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 19)

کراچی، بلدیہ ٹاؤن میں دن دہاڑے شہری سے مسلح ڈکیتی

سعید آباد میں موٹر سائیکل سوار تین ملزمان نے زاہد کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ ٹاؤن کے علاقے سعید آباد میں موٹر سائیکل سوار تین مسلح ملزمان نے دن دہاڑے شہری کو لوٹ لیا اور نقدی سمیت (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 20)

ربیعہ احسن قتل کی تفتیش، مذاق میں اہلیہ پر پستول تان کر ٹریگر دبا دیا، ملزم کے موبائل کا تجزیہ مکمل

چھ ماہ قبل ایک دوست سے غیر قانونی پستول حاصل کیا تھا اور اسے اس ہتھیار کے استعمال سے متعلق بہت کم معلومات تھیں، ملزم احسن طاہر راولپنڈی (ویب رپورٹ) انسپکٹر پرسن رپید احسن قتل کیس کی تفتیش (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 21)

گورنر سندھ کی اسحاق ڈار سے ملاقات، ترقیاتی منصوبوں اور سرمایہ کاری پر گفتگو



کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد کہال پاشی نے وزارت خارجہ اسلام آباد میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں سندھ میں جاری (باقی صفحہ نمبر 2 پیج 28)



کراچی: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار گورنر سندھ سید کہال پاشی سے ملاقات کر رہے ہیں

دیگر کئی کیسز میں مسلسل حاضر استعمال کرنیوالوں کا اسلام سے تعلق نہیں، ہیئت گرد عناصر مساجد کو پناہ گاہ اور ڈھال بنا کر اپنے مذموم عزائم کو مذہبی رنگ دینے کی کوشش کرتے ہیں، چیئرمین



پختونخوا کے عوام کی شدید مذمت

دہشت گرد عناصر مساجد کو پناہ گاہ اور ڈھال بنا کر اپنے مذموم عزائم کو مذہبی رنگ دینے کی کوشش کرتے ہیں، چیئرمین پختونخوا کی عوام کی مذمت کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 29)

سندھ حکومت کا یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی قیمتوں میں اضافے پر ڈیلرز کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ




آباد کاروں کے مفادات کا ہر صورت تحفظ کیا جائے گا اور اس معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، اجلاس سے خطاب کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی فروخت میں ملوث ڈیلرز کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، صوبائی وزیر کی ہدایت سندھ سردار محمد شمس خان مہرنے ریجنل سیزن کے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 34)

پاک فوج کا ضلع باغ میں مفت ویٹرنری کیمپ، ایک ہزار سے زائد جانوروں کا معائنہ



باغ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے وقارِ دفاع وطن کے تحت فاٹا کے سرحدی علاقے کوکلیاں میں جانوروں کے تحفظ (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 35)


پختونخوا حکومت کی معدنی ذخائر کی تلاش کے لیے سرمایہ کاروں کو دعوت



پختونخوا میں معدنیات کی تلاش کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (ویب رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سرمایہ (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 36)

ایم کیو ایم پاکستان کا کراچی میں خالص سونے کے وافر ذخائر کے شواہد مل گئے، مریم نواز



پنجاب کے دریاؤں میں قدرتی طور پر بہنے والا خالص سونا موجود ہے، مقدار معلوم کرنے کے لیے سروے جاری ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ صوبے کے دریاں میں خالص سونے کے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 30)

میر پور خاص کے مخیر حضرات نے انسانیت کی اعلیٰ مثال قائم کر دی

کسی نے 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا، جبکہ دیگر مخیر حضرات نے ایمبولینس کے کرائے سمیت اضافی اخراجات اٹھانے کی ذمہ داری قبول کی

میر پور خاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میر پور خاص کے قائم کردہ سب سے ایک غریب خاندان کی مشکل وقت میں مدد کر کے (باقی صفحہ نمبر 31)

مخیر حضرات نے انسانیت اور ہمدردی کی اعلیٰ مثال

اے این ایف کی کارروائیاں، 2 کروڑ مالیت کی منشیات برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج

کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے، ترجمان اے این ایف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 10 کروڑ روپے کی (باقی صفحہ نمبر 32)

حیدر آباد، ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل نوجوان زخمی، ڈرائیور فرار

پولیس نے زخمی نوجوان کو فوری طور پر سول اسپتال منتقل کر دیا

حیدر آباد (اسٹاف رپورٹر) حیدر آباد کے علاقے لطیف آباد یونٹ نمبر (باقی صفحہ نمبر 33)

کراچی: کاٹھور میں کسٹمز کی کارروائی، 3 کروڑ سے زائد مالیت کا بھارتی گٹکا برآمد

خفیہ اطلاع پر کاٹھور کے مقام سے گزرنے والے مشکوک کنٹینر کو روک کر تلاشی لی گئی

تو اس میں سے سفید برادہ کے 12 ہزار 480 ڈبے بھارتی گٹکا برآمد ہوئے، کسٹمز حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کلکٹریٹ کراچی نے انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت کارروائی کرتے ہوئے کاٹھور کے مقام پر ایک مشکوک کنٹینر (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 37)

مولانا فضل الرحمٰن کے صاحبزادے کے مالیاتی امور انتہائی مشکوک اور مبہم، سنگین سوالات اٹھ گئے



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے مالیاتی امور انتہائی مشکوک اور مبہم، سنگین سوالات اٹھ گئے۔ رپورٹ کے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 41)

ڈی ایس ایف کے 2026 میں کامیابی کا تناسب 97.77 فیصد رہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (ڈی ای ای) ڈاریکٹ سیشنز پیرا امر فرد ایئر کے سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ بورڈ کے ناظم امتحانات سید اختر (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 42)

صحافیوں کے مسائل و مطالبات سنجیدہ ہیں، شرجیل انعام میمن

حکومت اشتہارات کی مد میں ایسے اقدامات کرے کہ صحافیوں کی تنخواہوں کا مسئلہ حل ہو سکے، سینئر صوبائی وزیر



پیکا قانون کے خلاف جاری دھرنے میں مختلف سیاسی رہنماؤں، مزدور تنظیموں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ صحافیوں کے مسائل اور مطالبات سنجیدہ ہیں، (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 40)

وکیل سے میئر بدسلوکی، پولیس اہلکار کے خلاف مقدمہ درج

افغانستان منشیات اسمگلنگ کے عالمی نیٹ ورکس کی آماجگاہ بن گیا، پڑوسی ممالک کو خطرات لاحق



کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان منشیات اسمگلنگ کے عالمی نیٹ ورکس کی آماجگاہ بن گیا ہے، جس کی وجہ سے پڑوسی ممالک کو سنگین خطرات لاحق ہو رہے ہیں۔ افغانستان (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 39)

میر رضا کیس میں پیشرفت، برنس پارٹنر کی فوٹو چیپل سیل، اسلحہ اور ریکارڈ ضبط

مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کی جانب سے کیس کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے، ترجمان پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی کے ضلع ویسٹ کی پولیس نے میر رضا (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 38)

رؤسم خان قتل کیس کی سماعت شروع ہوئی تو کوئی بھی افسر عدالت میں موجود نہیں تھا جبکہ پولیس نے شوکاز نوٹس کا جواب بھی جمع نہیں کروایا، ذرائع

کراچی (کرائم رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ ویسٹ نے 16 سالہ رؤسم (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 44)

رؤسم خان قتل کیس، شوکاز نوٹس کا جواب نہ دینے پر دو پولیس افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری

لاہور اور ملتان شدید فضائی آلودگی کی لپیٹ میں، شہری سوگ سے پریشان

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے بڑے شہر لاہور اور ملتان شدید سموگ اور فضائی آلودگی کی لپیٹ میں ہیں۔ صوبائی دارالحکومت میں فضائی آلودگی کی اوسط شرح 344 سے تجاوز کر گئی، جس کے باعث لاہور دنیا کے آلودہ (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 43)

کراچی میں حادثات، کمسن بچی سمیت 3 افراد جاں بحق

گورنگی میں رکشے سے گر کر چار سالہ اقرا مد توڑ گئی، ملیر میں نوجوان گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے حادثات کے نتیجے میں کمسن بچی سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گورنگی بلال چوکی (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 24)



کراچی: آئی جی سندھ سید جاوید عالم اودھو اعلیٰ حکام کی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی میں مغربی ہواؤں کے زیر اثر بارش کی پیشگوئی

جمعے کو جامشورو، ٹھٹھہ، قمبر شہداد کوٹ اور دادو میں بھی ہلکی بارش کا امکان ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں مغربی ہواؤں کے زیر اثر کل (ہفتہ) بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی ارلی وارننگ (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 26)

بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی

ڈیجیٹل ارسٹ کا شکار ریٹائرڈ بینک منیجر سے 2 کروڑ روپے ہتھیانے والا ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیجیٹل ارسٹ کا شکار ریٹائرڈ بینک منیجر سے 2 کروڑ روپے ہتھیانے والا ملزم گرفتار

ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر شہری کو گولی مار کر زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر شہری کو گولی مار کر زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، پانچ موبائل فون، نقد رقم، موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور سیدھ ڈاکوں کے درمیان مقابلوں کے دوران پانچ ملزمان زخمی ہو گئے پولیس نے زخمی ڈاکوؤں کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 23)

مقابلوں کے دوران پانچ ملزمان زخمی ہو گئے

11/11 سیل کا کمال، ایک شخص نے صرف 458 روپے میں فلیٹ خرید لیا

پشاور، چڑیا گھر میں نایاب نسل کے شیر کے بچے بیمار، ویڈیو وائرل

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور، چڑیا گھر میں شیر کے بچے بیماری کے باعث کمزور ہونے لگے، جس کے بعد چڑیا گھر سے قاصر شیر کے بچوں کی ویڈیو وائرل ہو گئی۔ خیبر پختونخوا حکومت نے چڑیا گھر میں شیر کے بچوں کی بیماری کا نوٹس لیتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 27)

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے مشہور آن لائن شاپنگ فیسٹیول ڈبل الیون میں اس مرتبہ خواتین نے غیر معمولی صورت اختیار کر لی، جہاں ایک مکمل فلیٹ صرف 11 منٹ میں فروخت کر دیا گیا۔ پاکستانی کرنسی میں اس (باقی صفحہ نمبر 3 پیج 25)

ایک شخص نے صرف 458 روپے میں فلیٹ خرید لیا

لاڑکانہ میں ریلوے اراضی پر قائم تجاوزات کے خلاف آپریشن، متعدد دکانات مسمار

لاڑکانہ (اسٹاف رپورٹر) ریلوے انتظامیہ نے پولیس کے ہمراہ ڈویژن کالونی کے علاقے میں ریلوے کی اراضی پر قائم سینڈ غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے متعدد دکانات، جھونپوں کے باڑے اور چھوٹی بڑی قسم کی تعمیرات مسمار کر دیں۔ ریلوے اراضی کے دونوں اطراف قائم تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے۔ اس سلسلے میں تجاوزات قائم کرنیوالوں کیخلاف ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔

جرمن فوج کا چینی ساختہ ڈرونز کا استعمال بند کرنے کا فیصلہ، سیکورٹی خدشات اہم وجہ قرار

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی کی مسلح افواج نے سیکورٹی خدشات اور حساس معلومات کے تحفظ کے پیش نظر چینی ساخت ڈرونز کا استعمال بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کی جگہ اب یورپ میں تیار کیے گئے ڈرونز استعمال کیے جائیں گے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق جرمن وزارت دفاع کے ترجمان نے بتایا کہ اس فیصلے کا مقصد قومی سلامتی کی خوفناک خودمختاری اور خودانحصاری کو مضبوط بنانا ہے۔



کراچی: 30 ویں چیف آف نیول اسٹاف اوپن گالف چیمپئن شپ کے موقع پر گالفر اپنے کھیل کا مظاہرہ کر رہے ہیں



کراچی: ایڈمنسٹریٹر کراچی آفتاب احمد خان ادھان اور دان کی صورتحال کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریزیڈنسی III-B-1/3 فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 roznamatashakur786@gmail.com



کراچی کے مختلف ٹائز میں سڑکوں، نکاسی آب کی بہتری کیلئے کام جاری ہے، مرتضیٰ وہاب

میئر کراچی کا بڑا ایکشن، انسدادِ تجاوزات کے 5 افسران معطل

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن کراچی پولیس، انچارج نیو کراچی نعیم اور انچارج لیاقت آباد ندیم شامل، معطل افسران کو فوری طور پر اٹاچ آرایم ڈپارٹمنٹ میں رپورٹ کرنے کی ہدایت دی گئی







کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ساؤتھ میر محمود علی کے انکلوائر پر ڈسٹرکٹ ساؤتھ پولیس نے گزشتہ چھ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی ہیں، انچارج نیو کراچی تھانہ انچارج کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 07 مقدمات درج کیے گئے، ملزمان کے قبضے سے 35 گرام چرس اور 30 گرام آئس برآمد کی گئی۔ دیگر جرائم میں ملوث 27 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے مختلف نوعیت کے جرائم میں ملوث مجموعی طور پر 70 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، دوران 05 پولیس مقابلے ہوئے، جن میں 04 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔ استعمال ہونے والے اسلحہ کے 426 مزید مقدمات درج کیے گئے، ملزمان کے قبضے سے 06 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔

روزنامہ تشکر 1

گورنر جیپ سنکھوٹا، لفٹیننٹ جنرل کمر جاوید باجوہ کی صدارت میں منعقد ہونے والے اجلاس میں کور کمانڈر کراچی، ایئر آفیسر کمانڈنگ ایئر بیس مسرور، ڈائریکٹر جنرل رینجرز سندھ میجر جنرل فرخ ندیم، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس کراچی، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس حیدرآباد، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس سکھر، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس لاڑکانہ، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس میرپور خاص، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس بینظیر آباد، ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس بیورو ریجنل آفس شہید بینظیر آ